# معروضی سوالات :

1) جب مسلمانوں کی تعداد قلیل ہو اور کمزور ہوں تو لڑائی میں گھسنا حرام قرار دیا۔

i) ڈاکٹر سعید رمضان نے ii) شاہ ولی اللہ نے iii) ✓ العز بن عبد السلام نے

2) جب اعلانیہ دعوت مضید ہو تو اس وقت خفیہ دعوت کا طریقہ اختیار کرنا

i) واجب ہے ii) سنت ہے iii) مستحب ہے iv) جائز نہیں

3) حضرت سعد بن ابی وقاص کے لشکر کے سپاہی کا نام کیا تھا جس کی گفتگو رستم سے ہوئی

i) ✓ ربعی بن عامر ii) عامر بن فہیرہ iii) کوئی نہیں iv) [illegible]

4) رستم کس لشکر کا سپہ سالار تھا۔

i) رومی لشکر ii) ✓ فارسی لشکر iii) ایرانی لشکر iv) ہندی

5) کفار کے سرداروں کو سرداری کا اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے روکتی تھی اس بارے میں صاحب فقہ السیرہ نے کس کا نام ذکر کیا۔

i) ✓ ابو طالب ii) ابو جہل iii) ابو لہب

6) دعوت کے ابتدائی تین سالوں میں کتنے مسلمان ہوئے۔

i) 35 مرد و عورتیں ii) 36 مرد و عورتیں۔

iii) ✓ 40 مرد و عورتیں iv) 50 مرد و عورتیں

7) عرب کے ماحول کی وجہ سے حضور علیہ السلام متبعین نے ہجرت کی

i) کوفہ کی طرف 2) مصر کی طرف iii) ✓ حبشہ کی طرف iv) شام کی طرف

8) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام لوگوں کو اعلانیہ دعوت دینے کے لیے چڑھے

i) کوہ طور پر ii) ✓ کوہ صفا پر iii) جبل نور

9) جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے شدید عذاب کا ڈر سنایا تو کس نے کہا تمہارا سارا دن برباد ہو۔

i) ابو طالب نے ii) ✓ ابو لہب نے iii) عبداللہ بن ابی نے iv) کوئی نہیں

10) فاصدع بما تؤمر اس آیت میں اللہ نے کس کا حکم دیا۔

i) خفیہ دعوت کا ii) ✓ اعلانیہ دعوت کا iii) جہاد کا iv) کوئی نہیں

11) آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے شرعی ورثاء میں کون شمار رہو گا۔
1) عالم دین 2) حاکم 3) ✓ دونوں 4) کوئی نہیں

12) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعوت کتنی ذمہ داریوں کی متحمل ہے۔
1) 3 2) 5 3) 7 4) 9

13) دوسرے درجے کی ذمہ داری میں کون شامل ہے۔
1) ہر سربراہ خاندان 2) حاکم و عالم دین 3) ہر مکلف 4) تینوں

14) فکل من قلد فی التوحید ایمانہ لم یخل من تردید۔
یہ شعر کس کا ہے۔
i) صاحب فقہ الیسرہ کا ii) ✓ صاحب جوہرۃ التوحید کا
iii) صاحب جوہرۃ نیرہ کا iv) کوئی نہیں۔

15) عربی زبان میں کلمہ "تقالید" کس معنی میں استعمال ہوتا ہے۔
i) جدید رسوم و روایات ii) قدیم رسوم و روایات
iii) معاشرتی رسوم و روایات iv) اسلامی احکام

16) کس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گلے میں کپڑا ڈال کر شدت سے بل دیا۔
1) ابولہب 2) ✓ عقبہ بن ابی معیط 3) ولید بن مغیرہ 4) عتبہ بن ربیعہ

17) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کمر سے اوجھڑی کس نے ہٹائی۔
1) ام ایمن 2) حضرت خدیجہ 3) حضرت عمر 4) ✓ حضرت فاطمہ

18) جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مکہ میں چلتے پھرتے تو ____ ایذاء، بے ادبی و بدتمیزی کرتے
i) کنانہ ii) ✓ ~~کنانہ~~ قریش iii) اہل مدینہ iv) تمام

19) اقامت دین کے لیے کام کرنے والوں کے لیے سنت الٰہیہ کتنی حکمتوں کا تقاضا کرتی ہے
1) دو 2) ✓ تین 3) پانچ 4) سات

20) اسلام قبول کرنے کی پاداش میں کس کے جسم کا اکثر حصہ گرم لوہے سے داغا گیا
1) خباب بن الارت۔ 2) عبداللہ بن عمر
3) حضرت بلال 4) حضرت سلمان فارسی

21) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بات چیت کرنا اور تجاویز پیش کرنا کون آیا

1) شیبہ 2) عمرو بن لحی ✓3) عتبہ بن ربیعہ 4) ولید بن مغیرہ

22) مسلمانوں نے حضور علیہ السلام کی حیات طیبہ میں کن علاقوں میں فتح کی قیمت پوری نہ ادا کی تھی تھی۔ 1) روم و فارس 2) ہند و ایران ✓3) شام و عراق۔

23) قریش نے کیا عامہ میں رہنے والا ---- نامی شخص آپ کو تعلیم دیتا ہے

1) رحیم 2) کریم ✓3) رحمٰن 4) فرقان

# مختصر سوالات و جوابات

**سوال نمبر1: فقہ السیرہ کے مصنف کا نام تاریخ ولادت وفات لکھیں**

**الجواب:** مصنف کا نام ڈاکٹر محمد سعید رمضان البوطی ہے
ان کی سن ولادت 1929ء اور سن وفات 2013ء ہے۔

**سوال نمبر2: مطالعہ سیرت النبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی غرض کیا ہے؟**

**الجواب:** مطالعہ سیرت النبی کی غرض یہ ہے کہ مسلمان اسلام کی ابتدائی باتیں، قواعد اور احکام محض ذہن میں رکھنے کے بعد تصور کرے کہ اسلام کی حقیقت کا عملی نمونہ حضور علیہ السلام کی سیرت میں موجود ہے۔

**سوال نمبر3: حضور علیہ السلام کی شخصیت کو باعتبار نبوت کے سمجھنا کیوں ضروری ہے**

**الجواب:** اس بات کو پختہ کرنے کے لیے کہ حضور علیہ السلام محض ایک عبقری شخصیت نہ تھے کہ جن کو ان کی عبقریت نے ان کی قوم کے درمیان بلند کر دیا لیکن عبقریت سے پہلے بھی آپ وہ رسول تھے کہ اللہ نے اپنی طرف سے وحی کے ذریعے ان کی تائید کی اور اپنی جانب سے مدد فرمائی

**سوال نمبر4: عبارت کا ترجمہ کریں۔**

**الجواب:** بے شک سیرت نبویہ کا مطالعہ ایسا عمل تطبیقی ہے جس سے حقیقت اسلام کے کامل کرنے کا ارادہ کیا جاتا ہے جس کی مثل اعلیٰ حضور علیہ السلام ہیں۔

**سوال نمبر5: کتاب اللہ کے سمجھنے میں سیرت معاون و مددگار رہی وضاحت**

**الجواب:** کیونکہ بے شک آیات متعددہ میں سے کثیر ایسی ہیں کہ محض ان کی تفسیر اور وضاحت ان واقعات کی ہے جو حضور علیہ السلام کی زندگی میں گزرے

**سوال نمبر6: حضور علیہ السلام کی حیات مبارکہ ہمارے لیے انفرادی و اجتماعی تمام معاملات میں بہترین نمونہ ہے کتاب سے مثالیں دیں۔**

**الجواب:** ① اس نوجوان کے لیے جو اپنے راستے میں مستقیم اور قوم و دوستوں کے سامنے امین ہے ② رئیس الدولہ کے لیے جو تمام امور کو حیات و حکمت بالغہ سے انجام دے ③ شوہر کے لیے جو گھر والوں کے ساتھ طریقے سے پیش آئے ④ باپ کے لیے شفقت کے پہلو میں ⑤ لشکر کے امیر کے لیے۔

**سوال نمبر7: مسلم مؤرخین نے تاریخی واقعات میں سب سے پہلے کن کی حفاظت کی**

**الجواب:** مسلم مؤرخین نے سب سے پہلے تاریخی واقعات مدون کیے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سیرت کے واقعات تھے اور وہ قصے

**8 : تاریخی واقعات کو روایت کرنے میں مسلمانوں نے کونسا اور کیسا مقام حاصل کیا**

**الجواب** : سب سے پہلے تاریخ نے جزیرۂ عرب میں اثرات مرتب کیے پھر عالم اسلام میں وہ علمی معیار کا درجہ حاصل کیا جس پر واقعات کی صحت و عدم صحت کو پرکھا جاتا تھا۔

**9 : قواعد اصطلاحات حدیث اور فن جرح و تعدیل اولاً کہاں استعمال ہوا ہے کس میں**

**الجواب** : اولاً سنت مطہرہ کی خدمت کے لیے استعمال ہوئے۔ لامحالہ پوری سیرت نبوی کے عام ہے پھر عمومی تاریخ کے لیے منہج کے طور پر استعمال ہونے لگے

**١٠ : کونسی ضرورت کے پیش نظر مسلمانوں نے اخبار و روایت کو جمع کرنے کے قواعد وضع کیے**

**الجواب** : اس ضرورت کے پیش نظر کہ مصادر اسلام کو ہر قسم کے شکوک و شبہات سے پاک رکھا جائے اور کسی قسم کی جھوٹی روایت اس میں داخل نہ ہو سکے

**١١ : سنت نبوی اور سیرت نبوی با عتبار زمانہ پہلے کس کو تدوین کیا گیا۔**

**الجواب** : باعتبار زمانہ پہلے سنت نبوی کو تدوین کیا گیا۔

**١٢ : سنت رسول یعنی حدیث شریف لکھنے کا عمل کونسے زمانے میں اور کس کے حکم سے شروع ہوا**

**الجواب** : زمانہ رسالت (حیات مبارکہ میں ہی) سرکار علیہ السلام کے حکم سے

**١٣ : حضور علیہ السلام نے کب حدیث شریف کو لکھنے کا حکم دیا۔**

**الجواب** : جب حضور علیہ السلام کو اطمینان ہو گیا کہ صحابہ قرآن کے معجزانہ اسلوب اور حدیث کے بلیغانہ طرز میں فرق کر سکتے ہیں

**١٤ : صحابہ کرام حضور علیہ السلام کی سیرت اور مغازی کا ذکر کیسے کرتے۔**

**الجواب** : صحابہ کرام حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی سیرت اور مغازی کا ذکر زبانی کلامی کرتے تھے۔

**15 : سب سے پہلے سیرت نبوی کے موضوع پر کتاب لکھنے کا اہتمام کس نے کیا؟**

**الجواب** : عروہ بن زبیر (۹۲ھ) نے سب سے پہلے سیرت نبوی کے موضوع پر کتاب لکھنے کا اہتمام کیا۔

**16 : سیرت نبوی علیہ السلام کی تدوین کا اہتمام کرنے والے اولین شخصیت کون ہیں**

**الجواب** : عروہ بن زبیر (92ھ) ابان بن عثمان (105ھ)
وہب بن منبہ (110ھ) شرحبیل بن سعد (123ھ)
ابن شہاب الزہری (124ھ)

17: اولین سیرت نگاروں نے جو لکھا ان میں چند بکھری ہوئی روایات ہم تک پہنچی کس نے نقل کیں۔

الجواب: وہ بکھری ہوئی روایات جو ہم تک پہنچی طبری نے نقل کیں۔

18: اولین سیرت نگاروں کے بعد آنے والے طبقہ میں سر فہرست کون ہے؟

الجواب: محمد بن اسحق (المتوفی ۱۵۱ھ)

19: محمد بن اسحق نے سیرت کے حوالے سے جو لکھا اس بارے میں محققین کیا کہتے ہیں۔

وہ اس دور میں سب سے زیادہ ثقہ و معتبر شمار کیا جاتا ہے۔

20: المغازی اور السیر کس کی کتاب ہے؟

الجواب: المغازی اور السیر ابن اسحاق کی کتاب ہے۔

21: سیرت ابن ہشام کے مصنف کا نام کیا ہے؟

الجواب: ابو محمد عبدالملک المعروف ابن ہشام

22: ابن ہشام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو کون کونسی کتب سے جمع کیا؟

الجواب: ابن اسحاق کی کتاب المغازی اور السیر سے

23: سیرت ابن ہشام، المغازی کے کتنے عرصے بعد لکھی گئی؟

الجواب: تقریباً ۵۰ سال بعد

24: سیرت نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مصادر کو لکھئے جن پر تمام سیرت نگاروں کا اتفاق ہے؟

الجواب: قرآن مجید۔ کتب احادیث۔ وہ راوی جنہوں نے حضور کی زندگی کو عمومی طور پر روایت کیا

25: عمومی سیرت نگاری سے کیا مراد ہے؟

جواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ اور سنت کا ذکر کرنا جو متعدد کتابوں میں غیر مرتب موجود ہے۔

26: خصوصی سیرت نگاری سے کیا مراد ہے؟

علیحدہ طور پر حضور علیہ السلام کی حیات طیبہ کو ایک کتابی شکل میں مرتب کرنا

27 : عمومی و خصوصی سیرت نگاری میں کون سی حضور علیہ السلام کے دور میں تھی۔

الجواب: عمومی سیرت نگاری حضور علیہ السلام کے زمانہ میں تھی

28 : سیرت نگاری اور تاریخ نویسی میں سے کون کس کے عموم میں داخل ہے

جواب: سیرت نگاری کا علم تاریخ نویسی کے عموم میں داخل ہے

29 : سیرت نگاروں نے تاریخ کی تحقیق و تدوین میں کونسے طریقہ کار پر اعتماد کیا؟

جواب: انھوں نے اس ضمن میں علمی اصول و قواعد کی بنیاد پر ایک معتمد اور معتبر طریقہ اپنایا جسے آج تاریخ نویسی کی اصطلاح میں مذہب موضوعی کہتے ہیں

30 : واقعات و اخبار کو علمی قواعد پر رکھنے کے بعد نقل کرتے ہوئے متقدمین کونسی چیزوں کو داخل کرنے سے بچتے تھے؟

جواب: ان واقعات کی تدوین میں وہ فکری تصورات، نفسانی خواہشات اور معاشرتی رجحانات کو بالکل داخل نہ ہونے دیتے

31 : متقدمین سیرت نگار کونسی خیانت کو ناقابل معافی سمجھتے تھے۔

الجواب: کہ ذاتی تجزیات اور نفسانی خواہشات جو اکثر ماحول کا انعکاس ہوتی ہیں اور تعصب کا اثر ہوتی ہیں ان کو اپنے اوپر مسلط کر لیا جائے کہ ان کی بنیاد پر جو چاہے لکھ دیا جائے اور جو چاہے پوشیدہ کر دیا جائے

32 : واقعات سیرت کو نقل کرنے کے بعد ان سے نتائج و احکام وغیرہ کا استنباط کیسا عمل ہے (تاریخ سے کیا تعلق ہے)

الجواب: واقعات سیرت سے احکام مستنبط کرنے کا جو عمل ہے یہ ایک بالکل علیحدہ علمی کام ہے اور اپنی ذات میں یکسر مستقل ہے جو علیحدہ طریقے اور قواعد و ضوابط پر قائم ہے۔

33 : واقعات سیرت نبویہ سے کون کونسے احکام کا استنباط کیا گیا

الجواب: کچھ احکام کا تعلق عقیدہ و یقین سے ہے اور کچھ شریعت و قانون سازی سے متعلق ہیں یہ تاریخ و تدوین اور اسکے معنی و مضمون سے الگ ہیں

34 : تاریخ کی تحقیق و تدوین کے مختلف طریقے کونسی صدی میں ظاہر ہوئے؟

انیسویں صدی میں۔

35: تاریخ نویسی کے جدید مختلف طریقوں میں مشترک چیز کونسی ہے؟

الجواب: ان طریقوں میں مشترک چیز جو سامنے آتی ہے اس پر نظریہ ذاتی کے اسم کا اطلاق ہوتا ہے۔

36: نظریہ ذاتی کے داعی کونسی چیز کو مؤرخ کی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔

الجواب: مؤرخ تاریخی واقعات کی تشریح کے دوران فکری، دینی یا سیاسی رجحانات شامل کردے

37: تاریخ نویسی میں نظریہ ذاتی کی وجہ سے کونسی خرابیاں لازم آتی ہیں

الجواب: محفوظ تاریخی واقعات میں ذاتی خواہشات، تعصب اور فکری تخیلات شامل کردیے گئے۔ حقائق کو مسخ کردیا گیا۔ واقعات تبدیل کردیے گئے غلط منسوبات کی ملاوٹ کی گئی

38: تاریخ نویسی میں جدید مکتبہ فکر کی بنیاد کب سے ہوئی؟

الجواب: اس مکتبہ فکر کی بنیاد مصر میں برطانوی تسلط کے دور میں رکھی گئی

39: مصر پر قبضہ کرنے کے بعد اپنی مصلحتوں کو پورا کرنے اور تسلط قائم رکھنے کے لیے برطانیہ کے پاس کونسے راستے تھے کس کو اختیار کیا

برطانوی سامراج کے لیے دو میں سے ایک حل پر عمل کرنا ضروری تھا

اول: جامعۃ الازھر سے امت مسلمہ کا تعلق توڑ دیا جائے اس طرح کہ امت مسلمہ پر اس کا کوئی اثر نہ رہے

دوم: خود جامعۃ الازھر کے عملی مرکز قیادت تک رسائی حاصل کر لی جائے اور قیادت کا رخ اس ڈگر پر موڑ دیا جائے جس سے برطانیہ کے تسلط کے مصالح پورے ہوں اور اس تسلط کو قائم رکھنے کے لیے اطمینان حاصل ہو

40. استعماری سازش کے ذریعے بعض مسلم مفکرین کے دل ودماغ میں مسلمانوں کی ترقی کے حوالے سے کیا ڈالا گیا؟

استعماری سازش کے ذریعے وہ مصر کے بعد فکری قائدین کے دلوں میں گھس گئے۔ اس ذریعے سے ان مفکرین کو سمجھا دیا گیا کہ مغرب نے اپنی بیڑیوں سے اسی وقت آزادی حاصل کی جب انھوں نے دین کو سائنسی پیمانوں کے تابع کردیا جو...

41: جامعۃ الازہر کی علمی و فکری قیادت میں گھسنے کا واحد راستہ کونسا تھا

الجواب: جامعۃ الازہر کی علمی و فکری قیادت میں گھسنے کا واحد راستہ یہ تھا کہ امت مسلمہ کے کمزور اور دردناک پہلو کی طرف توجہ مرکوز کی جائے جس سے پوری امت مسلمہ بالخصوص مصر کے احساسات مجروح تھے

42: جدید یورپی ترقی سے متاثر کون سے مسلم مفکرین تھے اور غیبی عقائد سے متعلق ان کی کیا رائے تھی۔

الجواب: یہ ایسے مسلم مفکرین تھے جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ پر ایمان کے حقائق راسخ نہ ہوئے تھے نہ انھوں کے ذہنوں میں جدید علوم کے حقائق کی واضح تصویر تھی جن عقائد غیبیہ تک جدید سائنسی دریافتوں کی رسائی نہ ہوئی تھی یا جو تجربہ و مشاہدہ میں نہ آسکا اس سے انکار کر دیا

43: جدید سیرت نگار حضور کی سیرت لکھتے ہوئے کونسے واقعات کو نظر انداز کرتے ہیں اور کونسی چیزوں کو ترجیح دیتے ہیں، کیوں!

الجواب: انھوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عبقریت، عظمت، شجاعت اور اس جیسی دوسری صفات کا تذکرہ کثرت سے کر دیا تاکہ قاری کا ذہن آپ کی انہی ظاہری صفات میں مشغول رہے اور آپ کی ذات سے وابستہ امتیازی صفات جو آپ کی شخصیت نبوی سے متعلق ہیں اس کی طرف قاری کی توجہ مبذول نہ ہو۔

44: کتاب حیات محمد کے مصنف کا نام کیا ہے!

الجواب: حسین ہیکل ہے

45: سیرت کے موضوع پر کتاب حیات محمد کس انداز پر لکھی گئی

الجواب: مصنف خود کہتا ہے "بے شک کتب سیرت اور کتب حدیث میں جو کچھ لکھا گیا میں نے ان سے اخذ نہ کیا بلکہ اس بات کو ترجیح دی کہ میں یہ بحث علمی طریقہ

46: نظریہ ذاتی کا پیروکار جدید مکتبہ فکر ابابیل والے واقعے کی تاویل کیا کرتا ہے

الجواب: اس کی تاویل انھوں نے چیچک کے مرض سے کی۔

47: جدید مکتبہ فکر واقعہ معراج کے متعلق کیا کہتا ہے!

الجواب: روحانی سفر اور خواب دیکھنے سے کہا۔

۶۳: جدید مکتبہ فکر غزوہ بدر میں فرشتوں کی مدد کے متعلق کیا تاویل کرتا ہے!

**الجواب:** اس سے مراد اللہ کی محض معنوی مدد ہے۔

۶۴: محمد علیہ السلام کی نبوت صحابہ کے ایمان اور اسلامی فتوحات کے متعلق جدید مکتبہ فکر کیا کہتا ہے؟

**الجواب:** یہ کیا یہ سب کچھ دائیں بازو کے خلاف بائیں بازو کی بغاوت تھی جسے اقتصادی تنازعات، حصول رزق اور وسعت پسندی نے بھڑکایا۔

۶۵: فطری قوانین سے اختلاف کو بنیاد بنا کر سیرت نبویہ سے متعلق خارق عادت واقعات کا منکر مزید کونسی چیزوں کا انکار کر سکتا ہے؟

**الجواب:** ایسا شخص وحی الٰہی اور اس کے ضمن میں آنے والے حشر و نشر، حساب کتاب اور جنت و دوزخ سے متعلق خبروں کو ماننے سے انکار کر دے گا۔

۶۶: کیا کامل دین دین اسلام میں کسی اصلاح کی یا مصلح کی گنجائش ہے؟

**الجواب:** جو دین بذات خود صالح ہو۔ اس کو کسی زمانے میں بھی کسی مصلح یا کسی اصلاح کی ضرورت و حاجت نہیں۔

۶۷: خارق عادت یا معجزہ الٰہی کے متعلق سائنسی قانون کی کیا رائے ہے

**الجواب:** وہ کہے گا جس سے ہر صاحب علم بلکہ عصری ثقافت سے شناسا ماہر شخص سمجھتا ہے کہ خوارق اور معجزات غیر موضوع بحث اور اختصاص سے تعلق نہیں رکھتے اگر خارق عادت سامنے آ جائے تو یہ ایسا موضوع بن جائے گا جس پر غور و فکر اور تجزیہ کرنا ہوگا۔

۶۸: اسباب مسببات کے درمیان تعلق کے حوالے سے امام غزالی نے کیا فرمایا!

**الجواب:** اسباب اور مسببات کے درمیان تعلق محض یکجائی سے زیادہ نہیں ہے۔ اسکے احکام اور قوانین میں علم ایک دیوار کی مثل ہے جو محض اس یکجائی کی بنیاد پر قائم ہے۔

۶۹: مشہور سائنسدان ڈیوڈ ہیوم نے کس خبر کو قبول کرنے کے لیے عقلمند کے لیے کونسی شرط بیان کی؟

جی ہاں! ہر عقلمند انسان جو عقل اور حقیقت کا احترام کرتا ہے وہ کسی بھی حقیقت کو قبول کرنے کے لیے ایک شرط رکھتا ہے خواہ وہ خبر خارق عادت امر میں سے ہو یا روزمرہ معمولی معاملات میں سے۔ جو وہ شرط یہ ہے کہ وہ خبر اس شخص تک کسی محفوظ علمی راستے سے پہنچی ہو جو روایت و اسناد کے قواعد اور جرح و تعدیل کے تقاضوں پر پوری اترتی ہو۔

55: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے آپ کو انسانیت کے سامنے کس حیثیت سے پیش کیا؟

الجواب: نبی مرسل کی حیثیت سے پیش کیا۔

56: سیرت کے حوالے سے حیران کر دینے والی پیچیدگیوں سے نکلنے کا آسان طریقہ کیا ہے؟

الجواب: وہ راستہ یہ ہے کہ ہم سیرت نبوی کے مطالعہ کے سلسلہ میں منطقی اور معروضی طریقہ اپنائیں اور آپ کی عمومی حیات طیبہ کے مطالعہ کے لیے آپ کے تشخص کو

57: جغرافیائی اعتبار سے جزیرہ عرب کے ارد گرد کونسی قومیں آباد تھیں؟

الجواب: ایرانی، رومی، یونانی اور ہند

58: اسلام سے کچھ پہلے متمدن دنیا کتنی اور کونسی سلطنتوں پر منقسم تھی؟

الجواب: دو سلطنتوں پر (1) سلطنت فارس (2) روم

59: مذہب زرادشتیہ کیا ہے اور اسکو کس نے اپنایا تھا؟

الجواب: اس کو حکمران طبقہ قبول کیا ہوا تھا اس مذہب کے فلسفہ میں آدمی کا اپنی ماں، بیٹی یا بہن سے نکاح کرنا فضیلت سمجھا جاتا تھا۔ یزدگرد دوم نے بیٹی سے شادی کی

60: مذہب مزدکیہ کیا ہے اور کہاں پایا جاتا ہے؟

الجواب: آدمی اور عورتوں اور دوسرے کے اموال کی ملکیت میں ایک آدمی کا دوسرے کو ایسے شریک برابر کیا جیسے آگ، پانی اور چارے میں وہ شریک ہیں۔ یہ سواد عراق کے پجاریوں میں

61: استاد محمد المبارک کے نزدیک جزیرہ عرب کونسی دو مختلف تہذیبوں کے درمیان واقع ہے۔

الجواب: ایک طرف مغرب کی مادی تہذیب ہے جس نے انسان کی اجتماعی تصویر کشی کی ہے دوسری طرف انتہائی مشرق ایک خیالی و روحانی تہذیب ہے

62: اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ علیہ السلام کو امی بنا کر کیوں بھیجا؟

الجواب: جس نے اس دنیا میں نہ کوئی کتاب پڑھی ہو نہ کچھ تحریر کیا ہو جیسا کہ اللہ نے فرمایا تاکہ لوگوں کو آپ کی نبوت میں کوئی شبہ نہ رہے اور آپ کی دعوت کی بھی کسی کو کوئی شکوک و شبہات

63: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت دیگر اقوام کے مقابلے میں امی قوم میں ہوئی حکمت کیا ہے؟ تحریر کریں

جواب: تاکہ قرب و جوار کی تہذیبوں کا یہاں کوئی اثر نہ رہے جس سے ان کے فکری پیمانے اردگرد کے گمراہ کن فلسفوں سے آلودہ نہ ہوئے ہوں اگر دیگر اقوام کی طرح ہوتی تو کوئی چھوٹا یہ خیال کر سکتا تھا کہ یہ تو تہذیبی تجربات اور فلسفیانہ افکار کا ہی سلسلہ ہے جس غبار آخر اس بے مثال تہذیب اور کامل شریعت کو وجود بخشا۔

64: حضور علیہ السلام کونسے نبی علیہ السلام کی مبارک نسل سے تھے؟

الجواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل سے تھے

65: عبادت اور شعائر دینی کو انجام دینے کے لیے سب سے پہلا کونسا گھر بنایا گیا؟

الجواب: اللہ تعالیٰ نے بیت الحرام کو لوگوں کا مرکز اور امن کی جگہ بنایا ہے اور یہ وہ پہلا گھر ہے جو لوگوں کے لیے عبادت اور شعائر دینی کے انجام دینے کے لیے بنایا گیا۔

66: دعوت اسلام کی تبلیغ و ترویج کے لیے عربی زبان کو کیوں خاص کیا گیا؟

الجواب: حکمت الٰہی کا تقاضا یہ تھا کہ عربی زبان ہی دعوت اسلام کی ترویج و تبلیغ کی زبان ہو اور یہی زبان کلام الٰہی کی اولین ترجمان اور ابلاغ کا ذریعہ ہے عربی کو وہ خصائص حاصل ہے جن کے وجود سے دیگر زبانیں محروم ہیں اس لیے موقع یہ تھا کہ مختلف علاقوں میں مسلمانوں کی یہ اولین زبان قرار پائے۔

67: ختم نبوت پر کوئی حدیث لکھیں۔

الجواب: انا خاتم النبیین لا نبی بعدی۔

68: ہر نبی کی دعوت کتنی اور کونسی بنیادوں پر قائم تھی۔

الجواب: دو بنیادوں پر

① عقیدہ ② شریعت و اخلاق

69: عقائد و شرعی احکام کے مختلف ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے وضاحت کریں کہ علت؟

الجواب:

70: شریعت سے کیا مراد ہے؟

الجواب: کسی معاشرے کی انفرادی و اجتماعی زندگی کے نظم و نسق کی بہتری کے لیے کچھ احکام لاگو کرنا

71: آدم علیہ السلام سے لے کر آج تک کونسی چیز نہیں بدلی؟

الجواب: عقیدہ نہیں بدلا۔

72: حضرت موسیٰ علیہ السلام کس کی طرف مبعوث ہوئے اُن کی شریعت سختی پر مبنی تھی یا نرمی پر؟

الجواب: بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہوئے اور بنی اسرائیل کے اس وقت کے حالات کے مطابق انکی شریعت سخت تھی جو عزیمت پر قائم تھی

73: تشریعی احکام میں ہر رسول کی شریعت سابقہ رسول کی شریعت کے لیے کونسا درجہ رکھتی ہے!

الجواب: تشریعی احکام میں ہر رسول کی شریعت سابقہ رسول کی شریعت کے لیے ناسخ ہونے کا درجہ رکھتی ہے۔

74: ہر رسول کی شریعت سابقہ شریعت کے تمام احکام کو منسوخ کرتی ہے یا کوئی مستثنیٰ ہے؟

الجواب: تشریعی احکام میں ہر رسول کی شریعت سابقہ شریعت کی ناسخ رہی ہے سوائے ان احکام کے جن کی تائید کی گئی یا خاموشی اختیار کی گئی

75: جب تمام انبیاء ایک دین لیکر آئے اور اسی کی دعوت دی پھر اختلاف کیوں

الجواب: اس کے جواب میں دو آیات ہیں۔ ان الدین عند اللہ الاسلام وما اختلف الذین اُوتوا الکتب الا من بعد ما جاءھم العلم

اور سورۃ شوریٰ آیت ۱۳ ۔ وما تفرقوا الا من بعد ...

75 : اہل کتاب نے دین واحد میں تفرقہ کیوں ڈالا؟

الجواب : صحیح علم و معرفت آجانے کے بعد اہل کتاب نے باہمی حسد اور تعصب کی بناء پر اختلاف پیدا کیا اور تفرقہ ڈالا انبیاء کی طرف وہ باتیں منسوب کی جو نہ تھیں

76 : اہل عرب کو وراثت میں کونسا دین ملا تھا؟

الجواب : عرب حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں ان کے باپ ابراہیم علیہ السلام جن تعلیمات کے ساتھ مبعوث ہوئے وہ ان کو وراثت میں ملی تھیں۔ (دین اسلام)

78 : عرب میں سب سے کس نے اور کیسے شرک داخل کیا؟

عمرو بن لحی بن قمعہ نے سب سے پہلے عرب میں شرک داخل کیا مکہ سے شام کسی غرض سے گیا ماٰب کے مقام پر قوم عمالیق کو پوجا کرتے تھے کہا یہ کیسے بت

جواب ملا: ہم عبادت کرکے ان سے بارش طلب کرتے ہیں تو یہ بارش برسانے مدد کرتے ہیں۔ ھبل نامی بت سے آکر لوگوں کو پوجا کا حکم دیا۔

79 : حضرت اکثم بن جون خزاعی اور عمرو بن لحی کے متعلق حدیث میں کیا آیا؟

الجواب . حضور علیہ السلام نے فرمایا اے اکثم میں نے عمرو بن لحی کو جہنم میں انتڑیاں گھسیٹتے ہوئے دیکھا ہے ان سے سب سے مشابہت رکھنے والے تم ہو۔ عرض: کیا نقصان دہ ہے

80 : سب سے پہلے بحیرہ، سائبہ، وصیلہ اور حامی کو کس نے مقرر کیا؟

الجواب : عمرو بن لحی نے مقرر کیا۔

81 : سب سے پہلے جزیرہ عرب میں جو بت لاکر نصب کیا گیا نام کیا تھا؟

الجواب : اس کا نام ھبل تھا۔

82 : عرب میں دین حنیفی کے کون کونسے بقایاجات تھے مختصر وضاحت

ان شعائر حنیفیت میں سے بیت اللہ کی تعظیم۔ اس کا طواف۔ حج و عمرہ۔ وقوف عرفات اور قربانی کے جانور مقرر کرنا شامل تھیں

83: اسلام سے پہلے قبیلہ کنانہ اور قریش کونسا تلبیہ پڑھتے تھے۔

الجواب: لبیک اللھم لبیک لبیک لا شریک الا شریک ھو لک تملک وما ملک۔

84: حضور کی بعثت سے عرب کفر و شرک گمراہی و جہالت کے اندھیرے سے نکلے۔ جدید مکتبہ فکر یا مستشرقین اس بارے میں کیا کہتے ہیں؟

الجواب:

85: عرب میں پائی جانے والی دین حنیف کی بقایاجات کے متعلق کیا رائے ہے۔

الجواب:

86: دین حنیف کی کچھ بقایاجات کو رسول اللہ علیہ السلام نے برقرار رکھا۔ بیان کیجئے

الجواب:

87: بنیۃ الفکر الدینی کس کی کتاب ہے۔

الجواب: یہ مشہور انگریز مستشرق "گب" کی کتاب ہے۔

88: حجۃ اللہ البالغہ کا مصنف کون ہے۔

شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔

# الفنس الثالث

89: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیات مبارکہ میں بعثت سے وفات تک اسلام کی دعوت کے کتنے مراحل ہیں؟

الجواب: بعثت سے وفات تک دعوت اسلامیہ چار مراحل سے گزری

90: دعوت اسلام کا پہلا اور دوسرا مرحلہ بیان کریں۔

الجواب: پہلا مرحلہ: خفیہ دعوت جو تین سال تک جاری رہا۔ دوسرا مرحلہ: اعلانیہ دعوت مگر فقط زبانی جو ہجرت تک جاری رہا

91: دعوت اسلام کا تیسرا اور چوتھا مرحلہ بیان کریں۔

الجواب: تیسرا: اعلانیہ دعوت بمع مشرکوں جنگ اور حملہ کرنے والوں سے قتال یہ صلح حدیبیہ تک رہا

چوتھا: اعلانیہ دعوت۔ مشرکین سے جو اسلام قبول نہ کریں یا اسلام کے رکاوٹ بنتے تو ان سے جہاد کا حکم

92: شریعت اسلامیہ اور جہاد کا نظام دعوت اسلام کے مراحل میں کون سے مرحلہ کی بنیاد پر قائم ہے؟

الجواب: چوتھے مرحلہ کے بنیاد پر۔

93: حضور علیہ السلام اسلام کی دعوت کی ابتدا کس انداز میں فرمائی؟

الجواب: اللہ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے لوگوں کو بتوں کی پوجا کی بجائے خدا کی عبادت کی دعوت دی لیکن خفیہ رکھا تاکہ قریش کے شر سے بچا جائے

94: سب سے پہلے یا خفیہ دعوت کے نتیجہ میں اسلام لانے والے 7 کے نام لکھیں

الجواب: حضرت خدیجہ بنت خویلد۔ علی بن ابی طالب۔ زید بن حارثہ۔ ابوبکر بن ابی قحافہ۔ عثمان بن عفان۔ زبیر بن عوام۔ عبدالرحمن بن عوف

95: صحابہ کو دینی تعلیمات سکھانے کے لیے مکہ میں کس کا گھر چنا گیا؟

الجواب: حضرت ارقم بن ابی الارقم

96: خفیہ دعوت سے اسلام لانے والے صحابہ میں سے اکثر کس طبقے سے تعلق رکھتے؟

الجواب: زیادہ تر غریب یا غلام تھے یا وہ جن کی قریش کے نزدیک حیثیت نہ تھی

مسلمان کم اور کمزور تھے غالب گمان ہو کر قتل کر دیے جائیں گے

97: فقہاء نے جنگ و جہاد کے بارے میں کیا فرمایا؟

الجواب: مسلمانوں کے جانوں کی حفاظت کو مد نظر رکھا جائے کیونکہ اسکے مقابلے میں حفاظت دین کی فضیلت معلوم نظر آتی ہے

99: خفیہ دعوت اور اعلانیہ دعوت میں سے کس کو کب اختیار کرنا چاہیے

جواب: جب اعلانیہ دعوت سے نقصان ہو تو خفیہ اختیار کرنا چاہیے جب اعلانیہ مفید ہو تو خفیہ اختیار کرنا جائز نہیں ہے جب قوت اور دفاع کے اسباب وافر ہوں تو مصلحت جائز نہیں

100: اول اسلام قبول کرنے والوں کے غرباء و مسلم ہونے کی حکمت کیا ہے؟

الجواب: یہ سبھی انبیاء کی پہلے مرحلے میں دعوت کا فطری نتیجہ ہوتا ہے۔ جیسے نوح، موسیٰ اور صالح علیہم السلام کی قومیں اور راز یہ تھا کہ یہ دین انسانوں کو انسان کی غلامی سے نکالے

151: کسی بھی رسول کا الہام کس قبیل سے ہوتا ہے

جواب:

152: رستم اور ربعی بن عامر کے درمیان مکالمہ بیان کریں۔

جواب: رستم نے کہا کس چیز نے جنگ کی دعوت دی فرمایا لوگوں کو انسان کی غلامی سے نکال کر اسلام کی دعوت دیں، پھر لوگوں کو فرمایا ہم نے تو سمجھا تھا آپ عقلمند ہیں لیکن آپ سے زیادہ بیوقوف نہیں، انھوں نے سرگوشی کی یہ مرد درست کہہ رہا ہے۔

153: سب سے پہلے قریش جانتے تھے کہ حضور سچے ہیں پھر سرداران قریش کے ایمان لانے میں کیا رکاوٹ تھی۔

جواب: زعماء اور کبراء کو ان کی زعامت اور سرداری آپ کی اطاعت و فرمانبرداری سے روکتی تھی واضح مثال چچا ابو طالب

154: کیا ابتداً اسلام لانے والے سب صحابہ عربی تھے؟

الجواب: نہیں بلکہ ابتدا اسلام لانے والوں میں کئی غیر عرب صہیب رومی اور بلال حبشی جیسے عجمی بھی تھے

156: حضور نے اعلانیہ دعوت کیسے دی حدیث بیان کریں۔

جواب: حضور علیہ السلام نے کوہ صفا پر چڑھ کر فرمایا، تمہارا کیا خیال ہے اگر میں تمہیں خبر دوں کہ اس پہاڑ میں ایک لشکر ہے جو تم پر حملہ آور ہونے والا ہے، کیا تم میری تصدیق کرو گے

۱۵۵: صفا پہاڑی پر اعلانیہ دعوت پر ابو لہب کا ردعمل کیا تھا؟

الجواب: یہ سن کر ابو لہب نے کہا تمہارا سارا دن برباد ہو کیا تم نے ہمیں اس لیے جمع کیا تھا۔ تو اس کے جواب میں اللہ کا فرمان نازل ہوا۔ تبت یدا ابی لھب۔

۱۵۶: حضورؐ نے اپنے قریبی رشتہ داروں کو کس انداز میں اسلام کی دعوت دی حدیث بیان کریں۔

الجواب: فرمایا: اے بنی کعب بنی لوی اپنے آپ کو نار جہنم سے بچا لو اے بنی مرہ بن کعب اپنے آپ کو نار جہنم سے بچا لو۔ اے عبد مناف بچا لو۔ اے بنی عبد المطلب بچا لو۔ اے فاطمہ تم بھی بچ جاؤ میں اللہ کی بارگاہ میں اللہ کی مرضی کے بغیر تم لوگوں کو کچھ فائدہ نہ

۱۵۷: اعلانیہ دعوت کے مقابل قریش کا ردعمل کیا تھا۔

الجواب: انہوں نے دعوت کا انکار کر دیا اور منہ موڑ کر چلے گئے اور یہ عذر پیش کرنے لگے ہم اپنے آباؤ اجداد کے دین کو نہیں چھوڑ سکتے کیونکہ یہ رسومات ہمیں اپنے آباؤ سے ورثہ میں ملی ہیں اور یہ مراسم ہماری زندگی میں شامل ہو چکی ہیں۔

۱۵۸: دعوت دین کے متعلق ذمہ داری کی کتنی قسمیں ہیں۔ اور کون کونسی ہیں تحریر فرمائیں۔

الجواب: پہلے درجے کی ذمہ داری انسان پر اپنی ذات کی ذمہ داری ہے دعوت پر خود ایمان لائے
دوسری ذمہ داری انسان اپنے اہل عیال اور قریبیوں کو دعوت دے۔ تیسری عام ملنے والوں کو اور تمام قوم کو دعوت

۱۵۹: دعوت دین کی پہلی ذمہ داری میں حضور علیہ السلام کے ساتھ کون شریک ہیں۔

جواب: پہلے درجے کی ذمہ داری میں ہر مکلف شامل ہے۔

115: دوسری ذمہ داری میں کون کون شریک ہیں۔

جواب: دوسرے درجے کی ذمہ داری میں ہر سربراہ خاندان شامل ہے۔

111: تیسری ذمہ داری میں کون کون شریک ہیں۔

تیسرے درجے کی ذمہ داری میں علماء و حکام شامل ہیں

117 جواب: اصول اس چیز کو کہتے ہیں جو عقل اور غور و فکر کی اساس پر قائم ہو اور اس کا ہدف کسی معین مقصد تک رسائی ہو

112: انبیاء کرام علیہم السلام کے شرعی وارث کون ہیں

جواب: عالم دین اور حاکم وقت دونوں انبیاء کی شرعی ورثاء ہیں۔

113: علماء و حکام اور رسول اللہ ﷺ کی دعوت میں کیا فرق ہے

جواب: آپ بحیثیت نبی اس نئی شریعت کی تبلیغ فرما دیتے جو اللہ کی طرف سے نازل کی گئی اور علماء و حکام امتی ہوتے ہوئے دعوت دیتے اور سنت پر عمل کرتے ہوئے آگے پہنچاتے ہیں

114: دعوت دین کے متعلقہ ذمہ داریوں میں سے کس ذمہ داری کے کونسے اعتبار سے حضور علیہ السلام مستثنیٰ تھے۔

الجواب: اپنی ذات کی ذمہ داری اس لیے کہ آپ مکلف تھے اہل و عیال کی ذمہ داری کہ آپ اہل و عیال اور رشتہ داری سوالے تھے پوری انسانیت کی ذمہ داری کرنا یا نبی رسول کا

115: لغوی اعتبار سے اور سماجی ماہرین کے مطابق تقالید کی تعریف

الجواب: آباؤ اجداد کی عادات و روایات کا وہ مجموعہ جن پر کسی معاشرہ یا علاقہ کی رسوم و رواج کی چھاپ ہو اور محض تقلید و تعصب کی بنیاد پر ان عادات کو دوام بخشا جائے

116: اسلامی اخلاق اور طریقہ کی قدر و قیمت کس وجہ سے ہے

الجواب: اسلامی اخلاق اور طریقہ کار کی قدر و قیمت اس وجہ سے ہے کہ وہ ایسے الٰہی قوانین ہیں جن میں انسانیت کی سعادت کا راز پنہاں ہے۔

117: اصول کسے کہتے ہیں

جواب: وہ خط ہے جس کے ذریعے زمانہ کی ترقی کی رفتار کو کنٹرول کیا جائے اس کے برعکس نہیں ✗

118: انسانوں کے وضع کردہ اصول غلط ہو سکتے ہیں لیکن اسلام کے اصول غلط نہیں ہو سکتے وجہ بیان کریں۔

جواب: انسانوں کے وضع کردہ اصول انسانوں کے مختلف افکار کی وجہ سے غلط ہو سکتے ہیں لیکن اسلام کے اصول کبھی غلط نہیں ہو سکتے۔ اس لیے کہ جس ذات باری نے انھیں وضع کیا ہے وہ عقول و افکار کا خود خالق ہے

119: روایات کسے کہتے ہیں۔

(2) اس کی طرف جانے والے راستے کو اختیار کرنا اس راستے میں ہر خطرہ مول لینا اور ہر مشکل برداشت کرنا اور منزلِ مقصود تک پہنچنے کے لیے اپنے مال اور طاقت کو خرچ کرنا۔

**۱۲۰: حضور علیہ السلام کو اعلانیہ دعوت پر اذیت دی گئی دو مثالیں۔**

جواب: (1) کعبہ کے صحن میں نماز ادا کرتے ہوئے عقبہ بن ابی معیط نے گلے میں چادر ڈال کر بل دیا۔ ابو بکر صدیق نے اس کو دور کیا۔ (2) ایک دفعہ سجدے کی حالت میں اوجھڑی ڈال دیا۔

**۱۲۱: صحن کعبہ میں بحالت نماز حضور پر کس نے اوجھڑی پھینکی؟**

جواب: عقبہ بن ابی معیط نے

**۱۲۲: گلے میں چادر ڈال کر کس نے کھینچی؟**

جواب: عقبہ بن ابی معیط نے

**۱۲۳: پیٹھ سے اوجھڑی کس نے ہٹائی**

جواب: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے

**۱۲۴: ایذا رسانی پر کس صحابی نے شکایت کی اور دعا کی عرض کی**

جواب: حضرت خباب بن الارت

**۱۲۵: حضور نے شکایت کے جواب میں کیا فرمایا؟**

جواب: تم میں سے جو لوگ پہلے گزر چکے لوہے کی کنگھیاں ان کے جسموں پر پھیری جاتیں جس سے گوشت ان کی ہڈیوں سے الگ ہو جاتا

**1267: جب صحابہ حق پر تھے تو تکالیف کا سامنا کیوں کیا؟**

جواب: اس دنیا کی پہلی صفت یہ ہے کہ وہ مکلف ہے یعنی اللہ کے حکم کی پیروی میں جو تکلیف و مشقت آئے اس کو برداشت کرنے کا پابند ہے۔

**۱۲۸: عبودیت کو کیا مستلزم ہے؟**

جواب: اللہ کے احکامات کی پابندی و پیروی عبودیت کو مستلزم ہے۔

**129: دنیا بھر میں اللہ کی طرف سے بندوں پر کونسے دو امور لازم ہیں۔**

جواب: (1) دین اسلام کو پوری طرح اپنانا اور صحیح اسلامی معاشرہ قائم کرنا

**130: اللہ نے ہمارے لیے اسلام لانے کے بعد اسلامی معاشرے کا نظام آسان نہ کیا اس میں کیا حکمت ہے؟**

جواب: اس صورت میں اللہ کے رستے پر چلنے والے سالک کی عبودیت اور خلوص کا امتحان نہ ہوتا کیونکہ حقیقی سالک وہی ہے جو خطرات کے باوجود حق پر گامزن رہے۔

131: دین اسلام کے راستے میں مشکلات و مصائب کا سامنا ہو تو مسلمان کو کیا کرنا چاہیے ان کو کیا سمجھیں؟

الجواب: وہ تکالیف اور مصیبتوں کو اللہ کے حکم کی تعمیل میں پوری کوشش کرتے رہیں اور اس کو فتح و نصرت کی خوشخبری سمجھیں۔

132: کون سے صحابی رسول کے جسم کے اکثر حصے کو گرم لوہے سے داغا گیا؟

الجواب: حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ کا جسم کا حصہ گرم لوہے سے داغا گیا۔

133: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ابتدائے اسلام میں ہی کونسے علاقوں کے فتح ہونے کی خوشخبری دی تھی؟

الجواب: بلاد فارس اور روم کی فتح کی خوشخبری دی۔

134: کیا بلاد فارس اور روم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قیادت میں فتح ہوئے یا بعد از وفات ظاہری فتح ہوئے؟

الجواب: یہ فتح حضور علیہ السلام کی ظاہری وفات کے بعد ہوئی۔

135: حضور کی زیر قیادت فتح کیوں نہ ہوئے؟

الجواب: اس کی حکمت اللہ ہی بہتر جانتا ہے ایک یہ ہے کہ وہ مسلمان حضور نے اللہ و رسول کے ساتھ بیعت کی ہے وہ یہ ثابت کر دکھائیں کہ وہ اپنی بیعت میں سچے ہیں

136: مسلمانوں نے اپنی جان و مال کا سودا کس سے کیا اور کس کے بدلے میں کیا؟

الجواب: سودا اللہ سے کیا اور جنت کے بدلے کیا۔

137: قریش کا کونسا سردار حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس صلح کے حوالے سے گفتگو کے لیے آیا؟

الجواب: عتبہ بن ربیعہ

38: قریش نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنے مقصد سے پیچھے ہٹنے کے لیے کون کونسی چیزوں کی پیشکش کی؟

**الجواب:** اگر تم اس کے ذریعے مال و دولت حاصل کرنا چاہتے ہو تو ہم سب تمہیں اتنا مال دیں گے کہ تم ہم سب سے زیادہ مالدار ہو جاؤ گے اور اگر تم اسے شرف اور بزرگی چاہتے ہو تو ہم تمہیں اپنا سردار بنا لیتے ہیں حتیٰ کہ ہم کوئی کام تمہارے بغیر نہیں کریں گے اور اگر تم بادشاہی چاہتے ہو ہم تمہیں اپنا بادشاہ بنا لیتے ہیں اور اگر تم پر کوئی جن وغیرہ کا سایہ ہے اور تم سمجھتے ہو کہ تم اسے اپنے آپ سے دور نہیں کر سکتے تو ہم تمہارے لیے طبیب بلا لیتے ہیں۔

39: دوران تلاوت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے منہ مبارک پر کس نے ہاتھ رکھا اور رشتہ داری کی قسم دے کر تلاوت ختم کرنے کا کہا؟

**الجواب:** عتبہ بن ربیعہ نے

40: عتبہ بن ربیعہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے گفتگو کے بعد واپس قریش والوں کو کیا کہا؟

**الجواب:** خدا کی قسم میں نے ایسی بات سنی ہے جس کی مثل میں نے آج تک کوئی بات نہیں سنی نہ ہی شعر ہے نہ جادو نہ کہانت اے قریش اگر تم میرا بات کی پیروی کرو۔

41: جب قریش نے کہا ایک دن آپ ہمارے معبودوں کی پوجا کریں ایک دن ہم آپ کے خدا کی عبادت کریں تو کونسی آیات نازل ہوئیں؟

**الجواب:** اس وقت سورہ کافرون اتری۔

161 : سورۃ الکافرون نازل ہونے کا سبب کیا تھا؟

الجواب : جب قریش نے کہا کہ آپ ہمارے معبودوں کی عبادت کریں ایک سال ہم
آپ کے خدا کی عبادت کریں گے تو آپ نے اس تجویز کو بھی مسترد کر دیا اور آیات سورۃ کافرون نازل

163 : صلح حدیبیہ کے تعلق سے قریش کی پیشکش کے جواب میں حضور نے کیا فرمایا

الجواب :

164 : قریش نے رسول اللہ کی رسالت کی تصدیق کے لیے حضور سے کون کون سے
مطالبات کیے؟ کہا کہ آپ اگر ہماری تجاویز بھی نہیں مانتے تو آپ جانتے ہیں ہمارا

الجواب : علاقہ بہت تنگ ہے پانی کی کمی اور زندگی مشکل ہے رب سے دعا کریں وہ
پہاڑوں کو کھسکا دے نہریں جاری کر دے ہمارے آباؤ اجداد کو بالخصوص قصی بن کلاب کو زندہ کر

165 : مصالحانہ کوشش میں ناکامی کے بعد آخر میں قریش نے حضور سے کیا کہا؟

الجواب : ہمیں اطلاع ملی ہے کہ یمامہ میں رہنے والا رحمان نامی
شخص آپ کو تعلیم دیتا ہے ہم اس پر ایمان نہ لائیں گے ہم اپنا عذر پیش
کرتے ہیں۔ خدا کی قسم ہم آپ کو نہ چھوڑیں گے یہاں تک کہ آپ ہلاک ہو جائیں یا ہم

166 : بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ حضور نے مال و دولت بادشاہت یا سرداری چاہتے تھے اس لیے
نبوت کا دعویٰ کیا؟ یہ سب احتمالات اسلام کے دشمن اور

الجواب : اسلام کے خلاف فکری یلغار رکھنے والوں کے ہیں لیکن اللہ
نے حضور کی حیات طیبہ کو اسرار و رموز سے بھر دیا ہے جو ہر شک کی جڑ
کاٹ دیتے ہیں۔ اور یہ لوگ منہ کی کھاتے ہیں۔

167 : حضور علیہ السلام کھانے پینے کے حوالے سے فقر و مساکین والی زندگی گزارتے تھے وضاحت

الجواب : حضرت عائشہ فرماتی ہیں جب نبی کریم کا وصال ہوا اس وقت آپ کے
حجرے کی طاقچے میں تھوڑے سے جو تھے اس کے علاوہ کھانے کو کچھ نہ تھا۔

168 : حضور علیہ السلام نے سونے کے لیے کون سے بچھونے کو ترجیح دی

الجواب : کھجور کی چٹائی پر آرام فرماتے جس سے آپ کے جسم پر چٹائی
کے نشانات پڑ جاتے اور کبھی آپ نے آرام دہ نرم بستر پہ لیٹنا بھی
پسند نہ فرمایا۔

149 : ازواج مطہرات نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کس چیز کی شکایت کی اور کیا مطالبہ کیا؟

الجواب : ازواج مطہرات نے فاقہ کی شکایت کی اور سب نے نان و نفقہ کی زیادتی لباس اور زیب و آرائش کی چیزیں کی زیادتی کا مطالبہ کیا

150 : قلت نفقہ کی شکایت اور زیادتی کے مطالبہ پر کیا فرمایا؟

الجواب : عرصے سے صبر کرنے ہو گیا اور آیات نازل ہوئیں تم دنیاوی زندگی اور اسکی آرائش چاہتی ہو تو میں تمہیں مال و متاع دے دوں اور رخصت کر دوں

151 : مقصد کے حصول کے ہر قسم کا راستہ/وسیلہ اختیار کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟

الجواب : نہیں اسلامی شریعت نے جس طرح مقاصد و منزل کو متعین کر دیا اسی طرح وسائل کو بھی متعین کر دیا۔

152 : مقصد کے حصول کے لیے کونسا راستہ اختیار کرنے کی اجازت ہے؟

الجواب : شریعت نے لازم کیا ہے کہ اللہ کے متعین کردہ مقاصد تک وسائل کے لیے صرف وہی معینہ راستے اختیار کرو جو بتائے گئے ہیں۔

153 : حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قریش کی پیش کردہ بادشاہت و سرداری کو قبول کر کے دین اسلام کو ترویج کیوں نہ دی؟

الجواب : کیونکہ یہ بذات خود دعوت کے مبادیات سے متصادم ہے اگر اس کو درست کر دیا جائے تو سچے کے سچ اور جھوٹے کے جھوٹ میں فرق نہ رہے گا۔

154 : فلسفہ اسلام مقصد و وسیلہ دونوں اعتبار سے کس پر قائم ہے؟

جواب : فلسفہ وسیلہ اور مقصد دونوں امور میں شرف اور سچائی پر مبنی ہے۔ جس طرح مقصد سچائی شرافت اور کلمہ حق پر قائم ہوئے بغیر درست نہیں ہو سکتا اسی طرح مقصد بھی

155 : دعوت دین دینے والوں کو اپنے اکثر و بیشتر حالات میں کس چیز کی طرف محتاجی ہوتی ہے؟

اکثر بیشتر حالات میں قربانی اور جہاد کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ وہ راستہ جو خود اختیار کیے ہوتے ہیں وہ لخص دائمی یا مستحضر نہیں دیتا۔

156 : دعوت دین کے سلسلے میں حکمت عملی کو کیوں مشروع کیا گیا؟

الجواب : جب حالات مختلف ہوں اور دعوت کے راستے میں بغض و عناد کی رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہوں تو اس وقت حکمت یہ ہے کہ جہاد کی تیاری کی جائے اور قربانی کے لیے تیار رکھا

157 : کیا دعوت دین کے لیے حکمت کو داعی کی آسانی کے لیے مشروع کیا گیا۔

الجواب : یہ بات غلط ہوگی کہ دعوت کے سلسلے میں حکمت کی مشروعیت کا مقصد داعی کے کام کو آسان بنانا یا اس کو تکلیف سے بچانا ہے۔

158 : الحکمۃ انما ھی ان تضع الشیء فی مکانہ ترجمہ کریں۔

حکمت یہ ہے کہ ہر چیز کو اس کی جگہ پر رکھا جائے

159 : سرداران قریش سے دین اسلام کے متعلق حضور کی گفتگو کے دوران کون سے صحابی آئے تھے اور سوال پوچھے تھے۔

الجواب : حضرت عبداللہ بن ام مکتوم

160 : حضور نے نابینا صحابی کے سوالوں کا جواب کیوں نہ دیا۔

الجواب : کیونکہ قریش کو اسلام کی طرف مائل کر رہے تھے۔

161 : نابینا صحابی سے اعراض کرنے کو اللہ نے کیوں ناپسند فرمایا اور کیا نازل ہوا

الجواب : اگرچہ کوئی بڑی بات نہ تھی کیونکہ آپ دعوت پیش کر رہے تھے چونکہ اس میں ایک مسلمان کے دل آزاری تھی نیز اللہ نے ناپسند فرمایا۔ عبس وتولی ان جاءہ الاعمی

162 : معجزات کے تعلق سے قریش نے جو مطالبات کیے تو حضور نے اللہ تعالیٰ سے کیوں نہ دعا فرمائی نیز اللہ تعالیٰ نے مطالبات پورے کیوں نہ کیے۔

الجواب : قریش کو ان کے مطالبات کے مطابق دنیاوی فراوانی نہ دینے کا سبب یہ تھا کہ اللہ عزوجل اس بات سے بخوبی واقف تھا کہ قریش یہ مطالبات کفر و عناد اور مذاق و استہزاء کے طور پر کر رہے ہیں۔

163 : مصالحتی کوششوں میں ناکامی کے بعد قریش نے قبیلہ بنو ہاشم و مطلب سے حضور علیہ السلام سے متعلق کیا مطالبات کیے؟

الجواب : پہلے تو قتل کا منصوبہ بنایا پھر مطالبات پیش کیے (1) کوئی ان سے شادی نہ کرے (2) کسی قسم کی خرید و فروخت نہ کرے (3) کھانے پینے کا سامان مہیا نہ کرے (4) کسی قسم کی صلح نہ کی جائے نہ میل ملاپ رکھا جائے

164 : قتل کے منصوبے میں ناکامی کے بعد قریش نے کیا منصوبہ بنایا؟

الجواب : قتل کے منصوبے میں ناکامی کے بعد انھوں نے آپ اور آپ کے صحابہ اور بنو ہاشم و بنو مطلب میں جو ان کے حمایتی تھے ان سے مقاطعہ یا بائیکاٹ کریں

165 : قریش نے کن کن لوگوں سے بائیکاٹ کا پروگرام بنایا؟

الجواب : حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور صحابہ اور بنو ہاشم و بنو مطلب سے جو ان کے حمایتی تھے

166 : قریش نے مسلمانوں سے مقاطعہ کے سلسلہ میں ایک تحریری معاہدہ لکھا اس میں کیا تحریر تھا؟

الجواب : 163 نمبر سوال کا یہی جواب ہے

167 : قریش نے بائیکاٹ پر مشتمل معاہدہ کہاں رکھا اور کتنے سال تک اس پر عمل کیا؟

الجواب : یہ انھوں نے کعبہ کے درمیان آویزاں کر دیا ۔ تین برس تک ۔

168 : بائیکاٹ پر مشتمل معاہدہ کس سال رونما ہوا؟

الجواب : یہ عرصہ بعثت کے ساتویں سال سے دسویں سال تک رہا ۔

169 : مذکورہ بائیکاٹ کے نتیجے میں مسلمان کو کہاں محصور کیا گیا؟

الجواب : شعب ابی طالب کے گھاٹی

170 : شعب ابی طالب میں مسلمانوں نے کتنے دن گزارے

الجواب : تین سال

171 : مذکورہ تحریری معاہدہ کیسے ختم ہوا۔

الجواب : جب اس مقاطعہ کو تین برس بیت گئے تو بنو قصی قبیلہ میں سے ایک گروہ نے قریش کی ملامت کی اور معاہدے کو توڑنے کے لیے ان پر دباؤ ڈالا ۔

172: جوف کعبہ میں لٹکے ہوئے تحریری معاہدہ پر اللہ نے کس کو مسلط کیا اور اس تحریر کا انجام کیا ہوا؟

الجواب: اللہ نے اس پر دیمک کو مسلط کیا جس نے دستاویز پر لکھی ہوئی ساری تحریر کو چٹ کر دیا ان کلمات میں صرف اللہ کے نام والے کلمات محفوظ اور باقی رہے۔

173: کون سے مشرک سرداروں نے اس بائیکاٹ کو سب سے پہلے توڑا؟

الجواب: پانچ مشرک سردار تھے (1) ہشام بن عمرو بن حارث (2) زہیر بن امیہ (3) مطعم بن عدی (4) ابوالبختری بن ہشام (5) زمعہ بن الاسود تھے۔

174: جیش قادسیہ کس نے تیار کیا سپہ سالار کون تھا؟

الجواب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تیار کیا اور قیادت سعد بن ابی وقاص کے پاس تھی۔

175: معرکہ قادسیہ میں فتح کے بعد ربعی بن عامر نے رستم کے محل میں داخل ہو کر کیا کیا اور کیا کہا؟ آپ نے عیش و عشرت اور شاہانہ طرز سے نفرت کی

الجواب: نیزے کا دے تکیوں اور قالینوں کو تہس نہس کر دیا فرمایا: اگر اسلام قبول کرتے ہو تو ہم تمہارے اموال و زمین تمہارے لیے چھوڑ دیں گے

176: اسلام میں پہلی ہجرت کونسی ہے؟

الجواب: حبشہ کی طرف ہجرت تھی۔

177: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا کیوں ارشاد فرمایا؟

الجواب: جب دیکھا کہ کفار نے ظلم و ستم سے عرصہ حیات تنگ کر دیا ہے اور مسلمان ان سے محفوظ نہیں ہیں تب

178: ہجرت حبشہ میں شریک صحابہ کی تعداد اور پانچ نام لکھیں؟

الجواب: حضرت عثمان بن عفان اور آپ کی زوجہ رقیہ بنت رسول اللہ۔ زبیر بن عوام۔ مصعب بن عمیر

عبدالرحمن بن عوف

179: مسلمانوں کی ہجرت حبشہ پر قریش کا کیا ردعمل تھا؟

الجواب: انہوں نے عبداللہ بن ابی ربیعہ اور عمرو بن عاص کو بھیجی کہ مسلمانوں کو پناہ دینے سے انکار کر دے اور ہمارے حوالے کر دے۔

180: قریش نے نجاشی کی طرف کونسے نمائندے بھیجے اور کیا مطالبہ کیا

الجواب: عمرو بن عاص (جو اس وقت مسلمان نہ تھے)
عبداللہ بن ابی ربیعہ۔

181: مہاجرین حبشہ کی واپسی مطالبے پر نجاشی نے قریش کو کیا جواب دیا۔

الجواب: نجاشی نے ان مسلمانوں میں کسی ایک کو بھی ان کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا اور مسلمانوں کے دین جدید کے بارے معلومات حاصل کرنا چاہیں۔

182: نجاشی نے مہاجر مسلمانوں سے مخاطب ہو کر پہلا سوال کونسا کیا؟

الجواب: یہ کیسا دین ہے جس کو اختیار کر کے تم نے اپنی قوم کو چھوڑ دیا ہے نہ تم میرے دین میں داخل ہوئے نہ کسی دوسری ملت کے دین میں تمہاری شمولیت کی

183: نجاشی کے سوال پر مہاجرین سے کس نے اور کیا جواب دیا؟

الجواب: حضرت جعفر بن ابی طالب نے فرمایا: باقی کتاب فقرہ

184: نجاشی کے دربار میں قرآن کی تلاوت کس نے کی اور کونسی؟

الجواب: حضرت جعفر بن ابی طالب نے سورہ مریم کی ابتدائی آیات سنائیں

185: قرآن کی تلاوت سن کر نجاشی بادشاہ کا ردعمل کیا تھا؟

الجواب: رو پڑا حتی کہ اس کی داڑھی بھیگ گئی اور کہا خدا کی قسم یہ وہی پیغام ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام لائے

186: نجاشی نے مسلمانوں سے کونسے نبی علیہ السلام کے متعلق پوچھا جواب کس نے دیا؟

جواب: نجاشی نے مسلمانوں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں پوچھا جعفر بن ابی طالب نے جواب دیا ہم ان کے بارے وہی کہتے ہیں جو ہمارے نبی فرماتے ہیں یہ اللہ کے بندے روح اور کلمہ ہیں جو اس نے کنواری پاکدامن مریم کی طرف القاء کیا

187: عیسیٰ علیہ السلام کے حوالے سے مسلمانوں کا موقف سن کر نجاشی نے کیا کہا؟

الجواب: خدا کی قسم عیسیٰ بن مریم کے بارے میں جو آپ نے کہا وہ اس تنکے سے زیادہ بالکل نہ تھے۔

188: دارالاسلام سے ہجرت کا واجب، جائز، اور حرام ہونا بیان کریں

الجواب: جب مسلمانوں کو شعائر اسلام نماز وغیرہ کی اجازت نہ دی جائے تو واجب جب مختلف مصائب کا سامنا کرنا پڑے تو جائز ہے۔ واجبات میں کسی پر عمل نہ کرنا اور سستی کی وجہ سے وہاں جانا جیسا کہ پابندی لازم نہ ہو حرام ہے۔

189: قبل از اسلام نجاشی بادشاہ کونسے مذہب تھے۔

الجواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دین پر تھے

190: کیا مسلمان کسی غیر مسلم کی پناہ لے سکتے ہیں دلیل دیں۔

الجواب: لے سکتے ہیں اگرچہ اہل کتاب ہو جیسے نجاشی یہ حضرت کی ہجرت ابو طالب مطعم بن عدی

191: طائف سے واپسی پر حضور علیہ السلام کس کی پناہ لے کر مکہ میں داخل ہوئے

الجواب: مطعم بن عدی کی حمایت حاصل کر کے مکہ میں داخل ہوئے

192: کونسی صورت میں مسلمان کے لیے غیر مسلم کی پناہ لینا جائز نہیں دلیل

الجواب: (1) دعوت اسلامیہ کو نقصان نہ پہنچے (2) احکامات تبدیل نہ کیے جائیں (3) حرام کام ہونا لازم نہ آتا ہو

193: دین اسلام کی سمجھ کے لیے سب سے پہلا وفد رسول اللہ کی بارگاہ میں کونسا آیا اور کتنے افراد پر مشتمل تھا؟

الجواب: حبشہ کے عیسائیوں کا 30 سے زائد افراد پر مشتمل تھا

194: حبشہ سے آئے عیسائیوں نے جب اسلام قبول کیا تو ابوجہل سے ان کا کیا مکالمہ ہوا؟

الجواب: سلام ہے تم سے بڑھ کر بے خوف مسافر نہ دیکھے تمہاری قوم نے خبر لینے کے لیے بھیجا اور تم بیٹھتے ہی اپنا دین چھوڑ دیا۔ قوم نے کہا: ہم تم سے جاہلانہ باتیں نہیں کرتے تمہارے لیے تمہارا دین ہے ہم اپنے دین پر قائم ہیں۔

195: کلمہ "ادیان سماویہ" استعمال نہیں کرنا چاہیے کیوں؟

الجواب: کیونکہ دین شروع ہی سے ایک ہے اور وہ دین اسلام ہے شریعتیں مختلف ہوتی رہی ہیں۔

196: عام الحزن کونسے سال کو کہتے ہیں اس میں کس کی وفات ہوئی؟

الجواب: یہ نبوت کا دسواں سال ہے اس میں زوجہ حضرت خدیجہ اور چچا ابوطالب کا انتقال ہوا۔

197: حضرت خدیجہ اور ابوطالب کی وفات کے درمیان کتنی مدت تھی

الجواب: ایک ماہ پانچ دن

198: حضور علیہ السلام نے بعثت کے دسویں سال کو عام الحزن کا نام کیوں دیا

الجواب: دعوت کے رستے میں بے شمار تکالیف اور مشکلات جھیلنے کی وجہ سے

199: اس میں کیا حکمت کہ سرکار ان دونوں کی ~~حمایت~~ وفات ~~جلد~~ محروم ہوئے۔

الجواب: اگر مدینے میں اسلامی سلطنت قائم ہو جاتی تو یہ وہم ہو سکتا تھا کہ یہ ساری کوشش اور حمایت ابوطالب کی بدولت ہوا

200: پورا سال عام الحزن ہے کیا یہ ہمیشہ سوگ کی دلیل بن سکتی ہے؟

الجواب: یہ ان لوگوں کی سمجھ میں خطا ہے حضور علیہ السلام اپنے چچا اور زوجہ کی وفات پر غمگین تھے فقط اس وجہ سے عام الحزن کا اطلاق نہ کیا بلکہ لوگوں کا ایمان نہ لانا اور اسلام میں رکاوٹ

201: حضور علیہ السلام نے کتنے قبیلے کی حمایت حاصل کرنے کے لیے طائف کا سفر کیا۔

قبیلہ بنو ثقیف کی حمایت۔

202: طائف پہنچ کر حضور علیہ السلام نے کس کو دعوت دی اور ردعمل کیا تھا؟

الجواب: آپ نے طائف پہنچ کر قبیلہ بنو ثقیف کے گروہ کو بلایا یہ تینوں ان کے سردار تھے
آپ نے وحدانیت خدا کی دعوت دی انھوں نے برے طریقے سے جواب دیا غلیظ گفتگو کی
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو توقع نہ تھی

203: سفر طائف میں ساتھ کون تھا؟

الجواب: آپ کے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہ تھے۔

204: دوران سفر طائف پتھر لگنے سے کون بچا رہا تھا؟

الجواب: آپ کے وہی آزاد کردہ غلام زید بن حارثہ پتھروں سے بچاتے رہے۔

205: طائف کے اوباش اور بے وقوف لڑکوں نے کہاں تک پیچھا کیا؟

الجواب: عتبہ بن ربیعہ کے باغ تک۔

206: طائف سے واپسی پر کہاں آرام فرمایا؟

الجواب: عتبہ بن ربیعہ کے باغ میں انگوروں کے بیل کے سائے میں

207: عتبہ بن ربیعہ کے باغ میں کیا دعا مانگی؟

الجواب: اے مولا! میں اپنی طاقت کی کمزوری، عملی قوت کی کمی اور لوگوں کی
نگاہوں میں بے بسی کا شکوہ تیری بارگاہ میں کرتا ہوں۔

208: عتبہ کے بیٹے کس انداز میں پیش آئے

الجواب: انھوں نے ایک نصرانی غلام کو بلایا۔ اسکے ہاتھ انگوروں
کا ایک گچھا طشت میں رکھ کر آپ کے پاس بھیجا۔

209: نصرانی غلام عداس اور حضور علیہ السلام کے درمیان کیا مکالمہ ہوا؟

الجواب: آپ نے بسم اللہ پڑھا۔ اس نے کہا اس علاقے کے لوگ کھانے سے
پہلے اس طرح کا کلام نہیں پڑھتے۔ پھر وہ یونس علیہ السلام والی گفتگو ہوئی

210: حضرت یونس بن متی علیہ السلام کون سے علاقے کے رہنے والے تھے

الجواب: موصل کے علاقے نینوی کے رہنے والے تھے

211: حضور علیہ السلام نے کون سے نبی کے بارے فرمایا ذاک اخی کان نبیا

الجواب: حضرت یونس بن متی علیہ السلام

212: طائف سے واپسی پر کونسے مقام پر نماز ادا فرمائی اور کیا واقعہ پیش آیا؟

الجواب: نخلہ کے مقام پر نماز پڑھنے لگے تو جنات کا ایک گروہ گزرا تو آیات قرآنی سنیں جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو یہ جن اپنی قوم کی طرف لوٹے ڈر سنایا تو ان سب نے جو سنا تھا وہ مان گئے۔

213: مکہ میں داخل ہوتے وقت زید بن حارثہ نے کیا عرض کی اور کیا جواب دیا۔

عرض کی آپ مکہ میں کیسے داخل ہوں گے حالانکہ انہوں نے آپ کو نکال دیا ہے فرمایا اے زید جو تم دیکھ رہے ہو اللہ اس میں کشادگی فرمانے والا ہے اور راستہ نکالنے والا ہے بے شک اللہ اپنے دین کا مددگار ہے اور اپنے نبی کو غالب کرنے والا ہے۔